# وقت کی قدر کیجئے

سمیہ منصور

**دوستو!** وقت ہمارے ہاتھوں سے پھسلتا چلا جارہا ہے اور ہم اس بات کا احساس تک نہیں کررہے۔ اگر ہم اپنی یادداشت پر زور ڈالیں تو یہ کچھ دن پہلے کی بات ہے کہ ہم میں سے بہت سے لوگوں نے سالِ نو کی ڈائری لی تھی اور جبکہ ابھی اس کا ٹھیک طرح سے استعمال بھی نہیں ہوا کہ سال ختم ہونے کو ہے۔ اگر ہم سب اس بات کا تجزیہ کریں کہ ہم نے اس سال جس کی بس چند گھڑیاں ہی ہمارے ہاتھ رہ گئی ہیں، کیا کیا؟ کیا کھویا کیا پایا؟ کوئی ایسا کام بھی کیا جس کی بنا پر یہ کہہ سکیں کہ ہاں ہمارا یہ سال یونہی ضائع نہیں گیا؟ ہم میں سے بہت سوں کے پاس کوئی جواب نہ ہوگا۔ ہم نے کبھی اپنے سارے گزرے ہوئے دنوں اور سارے گزرے ہوئے سالوں کے لیے کچھ نہیں سوچا۔

یہ سال جو اختتام پذیر ہے اس میں ہم نے دیکھا کہ کس طرح سے ہمارے ملک کا امن تباہ کیا گیا۔ کس طرح سے قتل وغارت گری کا بازار گرم کیا گیا۔ لیکن کیا ہم میں سے کسی نے بھی اپنی زندگیوں میں سے کچھ وقت نکالا کہ اس ملک کے لیے کچھ کرسکیں؟ ہر انسان، ہر فرد صرف یہ سوچ رہا ہے کہ میرے کرنے سے کیا ہوگا! میرے اکیلے سے کیسے معاشرہ تبدیل ہوجائے گا

ایک دن سورج نے ڈوبتے ہوئے کہا: ہے کوئی جو میرے بعد میری جگہ لے سکے؟

مٹی کے ایک دیئے نے جواب دیا: ہاں میں کوشش کروں گا۔

ہم ہی وہ لوگ ہیں جنہیں کوشش کرنی ہے اپنے آپ کو، اپنے معاشرے کو، اپنے وطن کو بدلنے کی...... پرسکون بنانے کی۔

وقت تو گزر رہا ہے اور بے شک ہم سب صرف خسارے اور گھاٹے کا ہی سودا کررہے ہیں۔ فلاح تو وہی لوگ پائیں گے جن کا ذکر اللہ نے سورہ عصر میں کردیا ہے۔ اور اگر ہم آج بھی نہیں سمجھے اور اس نئے سال کو بھی پچھلے کئی سالوں کی طرح گزار دیا تو اللہ کو تو اپنا کام کرنا ہے۔

اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے وہ تو ہوکر ہی رہتا ہے۔ ہم نہ ہوں گے ہم سے بہتر لوگ ہوں گے جو یہ کام کرجائیں گے۔ لیکن ہمیں چاہیے کہ وہ ہم ہوں۔ بس کامیاب ہونا ہے تو آج ہی سے اپنے نئے سال کا لائحہ عمل بنالیجیے اور پھر اس پر عمل کرنے کی پوری کوشش کیجیے۔

اللہ سے دعا ہے کہ وہ ہم سب کو اس نئے سال میں ایک نیا انسان اور ایک اچھا مسلمان بننے کی توفیق عطا کرے اور ہمارے ملک اور عالم اسلام پر اپنی رحمتیں وبرکتیں نازل فرمائے۔ آمین■



# خرگوش کی چالاکی



**بہت** دن گزر گئے کچھوے اور خرگوش کی ملاقات نہ ہوئی۔ جس نہر میں کچھوے کا قیام تھا اس کے خشک ہونے پر اسے نقل مکانی کرنی پڑی۔ خرگوش کو بھی اپنا علاقہ چھوڑنا پڑا۔ دونوں مخالف سمتوں میں دور ہوگئے۔ خرگوش کچھوے سے ملنے کے لیے بے قرار تھا لہٰذا جب اسے معلوم ہوا کہ کچھوا پہاڑوں کے دوسری طرف ایک جھیل میں رہ رہا ہے تو اس سے رہا نہ گیا۔ وہ ایک دن اس سے ملنے کے لیے چل دیا۔ سفر لمبا تھا لیکن خرگوش کو کوئی فکر نہ تھی۔ وہ صبح سویرے روانہ ہوا اسے یقین تھا کہ شام تک واپس آجائے گا۔

موسم اچھا تھا، شکاری جانوروں کا بھی دور دور تک پتا نہ تھا۔ خرگوش مزے سے قلانچیں بھرتا دوڑ رہا تھا۔ اچانک ایک خشک پہاڑی نالے میں اس کا سامنا جنگلی بلی سے ہوگیا۔ بلی کو دیکھ کر وہ ڈر گیا لیکن بلی نے اس پر توجہ نہ دی۔ وہ آہستہ تھکی تھکی چلی آرہی تھی، قریب آنے پر خرگوش نے دیکھا کہ وہ بہت کمزور اور بیمار ہے۔ خرگوش کو اسے کوئی خاص خطرہ نہ تھا۔

کہاں جارہے ہو، بلی نے کمزور آواز میں پوچھا۔

اپنے دوست کچھوے سے ملنے جارہا ہوں اور تم کدھر چلیں۔ خرگوش نے پوچھا۔

میری طبیعت ٹھیک نہیں کسی نے بتایا تھا کہ اس علاقے میں ایک خاص بوٹی اگی ہے جس میں نیلے پھول لگتے ہیں وہ ڈھونڈتی پھر رہی ہوں۔ بھائی خرگوش کیا تم میری مدد کرسکتے ہو۔ بلی نے پوچھا۔

خرگوش فوراً سمجھ گیا اسے معلوم تھا کہ نیلے پھول والی بوٹی کہاں اگی ہے وہ اسے پتا سمجھانے لگا لیکن اسے شرارت سوجھی اور اس نے بلی کو جنوب کے بجائے مخالف سمت شمال کی طرف بھیج دیا۔ بلی شکریہ ادا کرتے ہوئے روانہ ہوگئی۔ خرگوش مکاری سے مسکراتے ہوئے آگے بڑھ گیا۔ دوپہر تک وہ پہاڑوں کے پار جھیل پر پہنچ گیا۔ خرگوش کو وہ جگہ بہت پسند آئی لیکن کچھوے کا کچھ پتا نہ تھا۔ خرگوش پانی کے کنارے چلا آیا اور اسے آوازیں دینے لگا۔ کچھوا نہر میں آرام کررہا تھا، اس تک خرگوش کی آواز نہ پہنچی۔ خرگوش انتظار کرتا رہا لیکن کچھوا باہر نہ آیا تو خرگوش نے سوچا کچھ دیر آرام کرلیا جائے۔ ایک درخت کے نیچے ڈھیروں سوکھے پتوں سے ایک نرم بستر سا بن گیا تھا۔ خرگوش اس پر لیٹ گیا۔ جھومتے درختوں اور جھیل کے شفاف پانی سے ہوکر آتی خوشگوار ہوا نے جلد ہی اسے سلا دیا اور وہ خواب خرگوش کے مزے لینے لگا۔

تھوڑی دیر بعد کچھوے نے پانی سے گردن باہر نکالی اور کنارے پر خرگوش کو سوتا دیکھ کر حیران رہ گیا۔ اسے بہت خوشی ہورہی تھی، وہ باہر چلا آیا۔ خرگوش ابھی تک سویا ہوا تھا۔ اس نے خرگوش کو اٹھانا چاہا لیکن پھر خیال آیا اتنی دور سے چل کر آیا ہے کچھ آرام کرکے خود جاگ جائے گا، چنانچہ وہ ایک درخت سے ٹیک لگا کر بیٹھ گیا۔

کچھ دیر ہی گزر رہی تھی کہ کچھوے نے محسوس کیا کہ جھیل کا پانی کناروں سے باہر آرہا ہے، دراصل پہاڑوں پر بارشیں شروع ہوگئیں تھیں جس کی وجہ سے اکثر پانی کے ریلے جھیل میں آگرتے تھے۔ کچھوا خرگوش کو ہوشیار کرنے بڑھ ہی رہا تھا کہ پانی کا زبردست چھال آئی اور پانی اس تک آپہنچا۔ وہ پانی میں تیرنے لگا لیکن یہ دیکھ کر وہ حیرت زدہ ہوگیا کہ خرگوش بھی پانی کے ساتھ بہہ رہا ہے۔ دراصل خرگوش جن پتوں پر سویا ہوا تھا ان کے نیچے ایک ٹوکرا دبا تھا جو اب کشتی کی طرح تیر رہا تھا۔

لہریں ٹوکرے کو گہرے پانی کی طرف لے جارہی تھیں، حیرت انگیز طور پر خرگوش ابھی تک سویا ہوا تھا۔ کچھوا گھبرا گیا۔ وہ جانتا تھا کہ خرگوش تیرنا نہیں جانتا۔ وہ ٹوکرے کے ساتھ ساتھ تیرنے لگا۔ ساتھ ہی دعا بھی کررہا تھا کہ ٹوکرے کا توازن برقرار رہے اسے جھیل میں موجود مگرمچھوں سے بھی خطرہ تھا۔

جلد ہی خرگوش جاگ گیا اور خود کو پانی میں بہتا دیکھ کر حواس باختہ ہوگیا۔ کچھوے نے اسے تسلی دی اور ہلنے جلنے سے منع کیا۔ خرگوش کی بری حالت تھی۔ ٹوکرا پانی کے ساتھ بہہ جارہا تھا۔ کچھوے میں اتنی طاقت نہیں تھی کہ اسے کھینچ کر کنارے تک لے آئے لیکن وہ مسلسل ٹوکرے کے ساتھ لگ کر تیر رہا تھا اس کی کوشش تھی کہ ٹوکرا بہنے کے ساتھ ساتھ کنارے کی طرف ہوتا رہے، آہستہ آہستہ وہ اپنی کوشش میں کامیاب ہونے لگا۔ ٹوکرے اور کنارے کا فاصلہ کم ہوتا گیا۔ آخر ٹوکرا کنارے سے آلگا۔ خرگوش نے جلدی سے خشکی پر چھلانگ لگائی اور ایک درخت کے سائے میں بیٹھ کر ہانپتے ہوئے بولا۔ میری قسمت ہی خراب ہے، میرے ساتھ کچھ نہ کچھ ہوتا رہتا ہے۔ وہ بہت جھنجھلایا ہوا تھا۔

کچھوا بولا۔ دکھ تکلیف ہر جاندار پر آتے ہیں ہمیں بہادری سے ان کا مقابلہ کرنا چاہیے۔ لیکن میرے ساتھ یہ زیادہ ہی ہوتا ہے۔ خرگوش رونی صورت بنا کر بولا۔

یہ محض اتفاق ہے بہرحال ہمیں اپنے افعال پر نظر رکھنی چاہیے کہیں ہم دانستہ یا نادانستہ اللہ کی مخلوق کو تکلیف تو نہیں پہنچا رہے۔ کچھوا بولا۔

خرگوش کو صبح والی حرکت یاد آگئی وہ شرمندہ ہوگیا۔ ندامت سے اس کی گردن جھک گئی تھی۔■

# دریائے نیل کی سیر

**دریائے** نیل دنیا کا سب سے لمبا دریا ہے۔ اس کی لمبائی تقریباً ۶۶۷۰ کلومیٹر ہے۔ یہ افریقہ کی سب سے بڑی جھیل وکٹوریہ جھیل سے نکلتا ہے۔ اس علاقے میں بارش بہت ہوتی ہے، لہٰذا بہت گھنے جنگلات پائے جاتے ہیں، ان جنگلات میں ہاتھی، شیر، گینڈے، جنگلی بھینسے، ہرن، نیل گائے اور دریائی گھوڑے (ہپو)، مگرمچھ اور گھڑیال وغیرہ پائے جاتے ہیں۔ اس علاقے کو "نیشنل پارک" کا درجہ حاصل ہے۔

جب یہ دریا سوڈان میں داخل ہوتا ہے تو اس کی رفتار بہت سست ہوجاتی ہے، کیوں کہ دریا ایک زبردست دلدل سے گزرتا ہے۔ یہ دلدل دنیا کا سب سے بڑا دلدل ہے یعنی ۷۰۰ کلومیٹر لمبا ہے۔ یہاں ایک قسم کی گھاس پاپائرس پائی جاتی ہے، جو پورے دلدل پر چھائی رہتی ہے۔ یہ اتنی گھنی، گتھی اور مضبوط ہے کہ اس پر ایک ہاتھی کھڑا ہوجائے تو وہ نیچے نہیں جائے گا اور سیدھا کھڑا رہے گا۔ دریا کا پانی گھاس کے نیچے نیچے بہتا ہے۔ پتا نہیں چلتا کہ پانی کہاں ہے۔ یہاں سارس، بگلے اور پانی میں رہنے والی مختلف چڑیاں بکثرت پائی جاتی ہیں۔ انگریزی کا لفظ پیپر اسی لفظ پاپائرس سے بنا ہے اور اسی گھاس سے کاغذ بنایا جاتا ہے۔

دریائے نیل کے سارے مددگار (معاون) دریا، حبشہ کے پہاڑوں سے نکل کر اس میں شامل ہوتے ہیں۔ ان میں سب سے بڑا اور اہم دریا نیلا ہے اور نیل کہلاتا ہے۔ یہ دریا حبشہ میں جھیل تانا سے نکلتا ہے اور فوراً بعد آبشار کی صورت میں ایک نہایت گہرے کھڈ میں گرتا ہے اور بہتا ہوا خرطوم کے مقام پر دریائے نیل میں مل جاتا ہے۔ خرطوم کے بعد اتبارا کے مقام پر اتبارا نام کا ایک اور دریا، دریائے نیل میں شامل ہوتا ہے۔ یہ بھی حبشہ کے پہاڑوں سے جھیل تانا کے قریب سے نکلتا ہے۔

خرطوم کے بعد دریائے نیل میں کئی اتار (یعنی ڈھال جو ایک دم نیچے اترتا ہو) آتے ہیں۔ یہ تقریباً چھ مقامات پر ہیں۔ دریا کی تہہ میں بڑی مضبوط اور نوکیلی چٹانیں ہیں۔ ان کو دریائے نیل کی رکاوٹیں کہا جاتا ہے۔ ان مقامات سے کشتیاں یا موٹر بوٹس نہیں گزر سکتے۔

سوڈان میں مصر کی سرحد پر دریائے نیل انسان کی بنائی ہوئی دنیا کی سب سے بڑی جھیل یعنی جھیل ناصر میں داخل ہوتا ہے۔ یہاں اسوان کے مقام پر اسوان بند باندھا گیا ہے۔ اس بند سے دریا کا پانی رک گیا ہے اور ایک جھیل بن گئی ہے۔ اس بند سے آب پاشی کے لیے نہریں نکالی گئی ہیں اور پانی کو سرنگوں سے گزار کر اس پانی سے بجلی پیدا کی گئی ہے۔ اسوان بند کی نہروں سے دریائے نیل کے دونوں طرف ۵۰۔۵۰ میل تک کاشت کاری ہوتی ہے اور علاقہ نہایت سرسبز وشاداب اور آباد ہوگیا ہے۔ اسی وجہ سے مصر کو دریائے نیل کا تحفہ کہا جاتا ہے، جیسے ہمارے ملک میں صوبہ سندھ کو دریائے سندھ کا تحفہ کہا جاتا ہے۔

قاہرہ سے گزر کر دریا بہت خاموشی اور آہستہ آہستہ مختلف شاخوں میں بٹ کر اسکندریہ کے قریب بحیرہ روم میں گر جاتا ہے۔ دریا کی رفتار اور پانی کی کیفیت معلوم کرنے کے لیے مصری لوگ ایک پیمانہ بناتے تھے۔ یہ دریا کے کنارے ایک کمرا ہوتا تھا۔ اسے نیلومیٹر کہتے تھے۔ اس میں ایک سرنگ سے دریا کا پانی آتا رہتا تھا۔ اس پیمانے سے پانی کی حرارت، رنگ اور کیفیت معلوم ہوتی اور اس کا سال بھر ریکارڈ رکھا جاتا تھا۔ ریکارڈ سے معلوم ہوتا تھا کہ طغیانی آئے گی یا نہیں اور اگر آئے گی تو کیا اثرات ہوں گے۔ فصلوں کے لیے اچھی ہوگی یا نقصان دہ ہوگی۔

لوگوں کو علم ہی نہیں تھا کہ دریائے نیل کہاں سے نکلتا ہے، حالاں کہ ہزاروں سال سے لوگ اس کی وادی میں رہتے بستے آئے تھے۔ تہذیبیں جنم لیتی رہیں اور مٹتی رہیں، مگر کسی نے یہ دریافت کرنے کی کوشش نہیں کی کہ یہ کہاں سے نکلتا ہے، کن کن مقامات سے گزرتا ہے۔


سترھویں صدی میں کوشش کی گئی کہ دریا کے نکلنے کی جگہ معلوم کی جائے تو معلوم ہوا کہ یہ دریا جھیل تانا سے نکلتا ہے مگر اس کے کنارے کنارے کوئی چل نہ سکا، کیوں کہ یہ بڑے خطرناک پہاڑوں اور کھڈوں میں گزرتا ہے۔ دریا کے تیز پانی نے چٹانوں کو کچھ اس طرح کاٹا ہے کہ دونوں طرف دیواریں سی بن گئی ہیں اور ان چٹانی دیواروں پر سے کوئی گزر نہیں سکتا۔

اٹھارویں صدی میں یورپی سیاحوں نے افریقہ کے اندرونی علاقے دریافت کرنا شروع کیے۔ رچرڈ برٹن اور جان ہیننگ ٹن اسپیک ۱۸۵۷ء میں افریقہ کے مشرقی ساحل سے روانہ ہوئے۔ دشوار گزار راستوں، جنگلوں اور پہاڑوں سے گزرے، مچھروں کی وجہ سے ملیریا میں مبتلا ہوئے۔ برٹن اتنا بیمار ہوا کہ آگے نہ بڑھ سکا، مگر اسپیک چلتا رہا اور جھیل وکٹوریہ تک پہنچ گیا۔ اسپیک کے مطابق یہی جھیل دریائے نیل کے نکلنے کی جگہ تھی، جس کو دنیا نے تسلیم کرلیا۔ یہ جھیل یوگنڈا میں ہے۔ کمپلا، یوگنڈا کا دارالحکومت ہے، جو اسی جھیل کے کنارے آباد ہے۔

وادی نیل کا سب سے بڑا شہر قاہرہ ہے۔ یہاں دنیا کی قدیم ترین یونیورسٹی "جامعہ الازہر" واقع ہے۔ قاہرہ کے قریب اہرام اور ابوالہول واقع ہیں۔ مصری بادشاہوں کے مقبرے ہیں، جن میں ممی (مسالا لگی لاشیں) رکھی ہوئی ہیں۔ یہ حنوط شدہ لاشیں آج تک ویسی ہی ہیں، گلی سڑی نہیں، قاہرہ کا عجائب گھر بھی دیکھنے کے لائق ہے۔

دریائے نیل کے دہانے پر اسکندریہ کا شہر آباد ہے۔ اس کا نام سکندر اعظم کے نام پر ہے۔ یہ یہاں ایک لائٹ ہاؤس بھی تھا جو عجائبات عالم میں شمار ہوتا تھا، مگر زلزلے نے اس کو گرادیا۔

تیسرا بڑا شہر خرطوم ہے۔ خرطوم کے معنی "ہاتھی کی سونڈ" کے ہیں۔ یہ سوڈان کا دارالحکومت ہے۔ نیا خرطوم انگریزوں نے آباد کیا ہے اور اس کی منصوبہ بندی اپنے جھنڈے "یونین جیک" کی طرح ہے۔■



## ✱✱مسکرائیے✱✱

ایک دفعہ ایک بندہ ڈاکٹر کے پاس اپنی والدہ کو چیک اپ کے لیے گیا، ڈاکٹر نے چیک اپ کے بعد کہا کہ آپ کی والدہ کے دو ٹیسٹ ہوں گے، آدمی یہ سن کر رونے لگا، ڈاکٹر نے پوچھا کیا ہوا تو آدمی بولا، میری والدہ تو پڑھی لکھی نہیں ہیں تو ٹیسٹ کیسے دیں گی۔

ایک کسان کے گھر سے بھینس چوری ہوگئی۔
پولیس والے نے اس سے پوچھا: بھینس کیسے چوری ہوئی؟
اس نے گھبراہٹ سے بولا: تارے بھونک رہے تھے، کتے چمک رہے تھے۔ چور آیا، بھینس پھلانگی اور دیوار چوری کرکے لے گیا۔

ایک بیوقوف پیپر دینے اپنے ساتھ ایک پلمبر کو لے کر جارہا تھا۔
کسی نے پوچھا کہ بھائی پیپر میں پلمبر کا کیا کام۔
بیوقوف نے کہا کہ مجھے پتا چلا ہے کہ پیپر لیک ہوا ہے۔

محسن: معین سے۔ آج ہماری مرغی نے انڈہ دیا۔
معین: یہ کون سی بڑی بات ہے
محسن: اگر یہ بڑی بات نہیں تو تم دے کر دکھاؤ۔

ایک کسان کی گائے چوری ہوگئی، وہ پولیس کے پاس گیا اور اس سے کہا جی میری گائے چوری ہوگئی، پولیس افسر بولا: "او آئی سی"
تو کسان بولا جب اے تے آئی سی تو پکڑی کیوں نہیں سی۔

منا (اپنی ماں سے)" امی جان! یہ نلکے میں پانی کہاں سے آتا ہے؟"
ماں: "بیٹا دریا سے۔"
ایک دن منا اور اس کا باپ دریا پر جاتے ہیں تو منے کا باپ دریا میں گر جاتا ہے۔ منا بھاگا بھاگا گھر آجاتا ہے اور امی سے کہتا ہے: امی نلکا کھول دیں ابا جان آرہے ہیں۔



ایک سائیکل سوار کسی محلے سے گزر رہا تھا کہ اچانک ایک بچہ سائیکل کی زد میں آگیا اور زور زور سے رونے لگا، سائیکل سوار نے اسے جلدی سے بیس روپے دیئے اور اسے چپ کروانے لگا، بچہ فوراً چپ ہوگیا اور بولا: "انکل آپ پھر کب آئیں گے؟؟؟"

ماں اپنے لاڈلے بیٹے سے: بیٹا! جب تم بڑے ہوکر جہاز چلاؤ گے تو مجھے کیسے پتا چلے گا کہ میرا بیٹا جہاز چلا رہا ہے؟
بیٹا: ماں میں جب بھی گھر کے اوپر سے گزروں گا، ایک بم پھینک دیا کروں گا۔■

# ایماندار تاجر

سہیل احمد

**ایک** دفعہ کا ذکر ہے کہ کسی ملک میں ایک تاجر رہتا تھا۔ وُہ اپنی بیوی اور دو بچوں کے ساتھ ہنسی خوشی کی زندگی گزار رہا تھا۔ دونوں میاں، بیوی ایک دوسرے سے بڑھ کر بچوں کو پیار کرتے تھے۔ دن بھر کام کاج کرنے کے بعد جب وُہ گھر میں داخل ہوتا تو بچوں کو دیکھ کر اور اُن کے ساتھ لاڈ پیار کرکے اُس کی تھکن ختم ہو جاتی۔

وُہ کپڑے کی تجارت کرتا تھا۔ فیکٹری سے کم داموں پر کپڑا خریدتا اور پھر سائیکل پر لاد کر وُہ گلی محلوں میں جا کر بیچ دیتا۔ وُہ اتنا کما لیتا تھا کہ گزر بسر اچھے طریقے سے ہوجاتی۔ پیسے کو جوڑ کر رکھنے کی عادت اُس کی تھی ہی نہیں۔ جب بھی کمائی زیادہ ہوجاتی تو وُہ بچوں کے لیے کھلونے یا پھل، فروٹ لے آتا۔ اکثر اُس کی بیوی شکوہ کرتی کہ بچوں کو زیادہ لاڈ نہ کیا کرو اِن کی عادت بن جائے گی لیکن وُہ جانتا تھا کہ وُہ ایسا کہہ کر صرف اُسے چھیڑتی ہے ورنہ تو وُہ تاجر کا اپنے بچوں کے ساتھ لاڈ، پیار دیکھ کر خوش ہوتی تھی۔

گھر کی اسی رونق کی وجہ سے اُن کا گھر محلے والوں کی توجہ کا مرکز بنا ہوا تھا۔ لوگ اُن کے گھر کی مثالیں دیتے تھے۔ اس کے علاوہ تاجر اپنی ایمانداری کی وجہ سے بھی بہت مشہور تھا۔ لوگ اُس کے پاس اپنی امانتیں رکھواتے اور کبھی بھی ایسا نہ ہوا کہ تاجر کا دل للچایا ہو۔ وُہ تمام امانتیں اُن کی اصل حالت میں لوٹاتا۔ کئی دفعہ لوگوں نے اُس کو آزمانے کے لیے اپنی امانت رکھوائی لیکن وُہ ہمیشہ اُن کی آزمائش پر پورا اُترا۔ اور اُس کے بعد لوگوں کی نظر میں اُس کی عزت اور بھی بڑھ گئی۔

ایک دن تاجر صبح اٹھا تو بہت خوش تھا۔ اُس کی بیوی نے خوش ہونے کی وجہ پوچھی تو وُہ کچھ خاص جواب نہ دے سکا کیونکہ وُہ خود بھی اپنی خوشی کی وجہ نہ جانتا تھا۔ سائیکل کو اچھی طرح صاف کرنے کے بعد اُس نے بچوں کو پیار کیا پھر بیوی کو اپنا اور بچوں کا خیال رکھنے کا کہہ کر وُہ کام پر روانہ ہوگیا۔ چونکہ کپڑا سارا وُہ بیچ چکا تھا اس لیے وُہ سیدھا فیکٹری گیا تا کہ وہاں سے کپڑا خرید سکے۔ تاجر کی یہ بھی خوبی تھی کہ وُہ ہمیشہ اچھے کپڑے کی تجارت کرتا۔ فیکٹری میں بھی ورکرز نے اُس کی خوشی کی وجہ پوچھی لیکن وُہ اُن کو بھی مطمعن نہ کرسکا۔ کپڑا خریدنے کے بعد اُس نے سائیکل پر لادا اور شہر میں بیچنے کے لیے روانہ ہوگیا۔

تاجر گلی محلوں میں آواز لگا رہا تھا" کپڑا لے لو، اچھا اور نفیس کپڑا لے لو"۔ شہر کے لوگ تاجر کو اُس کی آواز سے ہی پہچان لیتے تھے۔ ایک گلی میں وُہ" کپڑا لے لو" کی صدا بلند کررہا تھا کہ کسی عورت کی آواز اُس کے کان سے ٹکرائی۔ وُہ رکا اور مُڑ کر دیکھا۔ ایک عورت دروازے میں کھڑی تھی۔ اُس نے سائیکل موڑا اور عورت کے گھر کے سامنے جا کر سائیکل کو سٹینڈ پر لگایا۔ بہت ادب سے سلام کرنے کے بعد اُس نے اپنے مخصوص انداز میں پوچھا" جی بہن میں آپ کی کیا خدمت کرسکتا ہوں"۔ عورت نے کہا کہ مجھے اچھی کوالٹی کا کپڑا دیکھاو۔ تاجر نے کہا بہن میرے پاس تو ہر کپڑا اعلیٰ نسل کا ہی ہوتا ہے لیکن آپ کو پہلے کبھی نہیں دیکھا؟ میں پچھلے کئی سالوں سے اس محلے میں کپڑا بیچ رہا ہوں اور ہمیشہ اس گھر پر تالا ہی لگے دیکھا ہے۔ عورت تاجر کے معصوم لہجے پر تھوڑا مسکرائی اور بولی، ہاں بھائی ہم کچھ دن پہلے ہی اِس گھر میں آئے ہیں۔ میرے میاں کی اِس شہر میں نوکری لگی ہے اور یہ گھر اُن کے ماموں کا ہے جو خود کسی اور شہر میں رہتے ہیں اسی لیے یہ گھر بند پڑا تھا۔ تاجر نے عورت کو اُس کے میاں کی نوکری کی مبارک باد دی اور اُسے کپڑا دکھانے لگا۔ عورت نے اُس میں سے ایک سوٹ پسند کیا۔ پھر اُس کے پیسے تاجر کو دیے۔ جب تاجر روانہ ہونے لگا تو عورت نے تاجر کو پکارا۔ بھائی، میرے پاس کچھ مردانہ اور زنانہ پرانے کپڑے ہیں کیا اُن کے بدلے میں مجھے پیسے یا نئے کپڑے مل سکتے ہیں؟ تاجر مسکرایا اور بولا، بہن میں نئے کپڑے کا کاروبار کرتا ہوں لیکن کیونکہ آپ میری نئی گاہک ہو اس لیے میں آپ کے لیے کچھ نہ کچھ ضرور کروں گا۔ اچھا بتائیں کتنے عدد جوڑے ہیں؟ عورت بولی جی چار عدد ہیں۔ تاجر کچھ سوچ کر بولا ٹھیک ہے بہن میں اُن کے بدلے میں آپ کو ایک نیا سوٹ دیتا ہوں۔ عورت بہت خوش ہوئی اور پھر تاجر سے چار عدد پُرانے کپڑوں کے جوڑوں کے بدلے میں ایک اعلیٰ قسم کا نیا سوٹ لے لیا۔

تاجر رات کو گھر لوٹا تو اُس کی بیوی کھانا پکا رہی تھی۔ اُس نے اپنے بچوں کے متعلق دریافت کیا تو اُس کی بیوی نے بتایا کہ دونوں سو رہے ہیں۔ نہا کر وہ بیوی کے پاس ہی بیٹھ گیا اور پھر دن بھر کی روداد بیوی کو سنائی۔ چار عدد پرانے کپڑوں کے جوڑوں کے متعلق اُس نے بیوی کو کہا کہ اگر زنانہ کپڑے تم کو پسند آئیں تو پہن لینا ورنہ کیسی اور غریب کو دے دینا اُس کا بھلا ہو جائے گا اور مردانہ سوٹ وُہ خود پہن لے گا۔ تاجر کی بیوی تو ہمیشہ ہی اُس کی رضا میں راضی تھی سو مان گئی۔

اگلی صبح جب تاجر کام کے لیے روانہ ہوگیا تو اُس کی بیوی نے وُہ کپڑے نکالے جو وُہ کل لے کر آیا تھا۔ کپڑوں کا دیکھتے ہوئے اُسے مردانہ سوٹ کی قمیض بھاری محسوس ہوئی۔ جب اُس نے جیب میں ہاتھ ڈالا تو بہت سارے پیسے نکل آئے۔ اتنے سارے پیسے اکٹھے اُس نے کبھی بھی نہیں دیکھے تھے۔ کچھ دیر تو وُہ حیران زدہ پیسوں کو ہی دیکھتی رہی۔ پھر اُس نے پیسوں کو دوبارہ قمیض میں ہی ڈال کر بکسے میں بند کرکے تالا لگا دیا۔ اُس کا دل اب بھی تیز تیز دھڑک رہا تھا۔

رات کو تاجر جب گھر آیا تو وُہ سارے کام کاج چھوڑ کر اُسے لے کر کمرے میں آ گئی پھر کمرے کے دروازے کی کنڈی لگائی۔ تاجر حیرت زدہ اپنی بیوی کو دیکھ رہا تھا۔ تاجر نے بیوی سے اُس کے اتنے محتاط ہونے کی وجہ دریافت کی تو وُہ بولی۔ صبر کرو ابھی تم بھی اپنے ہوش کھو بیٹھو گے۔ تاجر کی بیوی نے بکسے کا تالا کھولا اور اُس میں سے قمیض باہر نکالی۔ تاجر اب بھی کچھ سمجھ نہ پارہا تھا۔ اُس کی بیوی نے جب قمیض میں سے پیسے باہر نکالے تو وُہ جہاں تھا وہی ساکت ہوگیا۔ وُہ ٹوٹی پھوٹی آواز میں بولا یہ کہاں سے آئے؟ اُس کی بیوی بولی اِس قمیض میں سے نکلے ہیں جو تم کل لے کر آئے تھے۔ تاجر ہوش میں آیا تو اپنی بیوی کو کہا کہ ان پیسوں کو اُسی قمیض میں ڈال دو میں کل اِن کو واپس کر آوں گا۔ تاجر کی بیوی نے ایسا ہی کیا اور پیسوں کو قمیض میں ڈالا کر بکسے میں بند کردیا۔

اگلی صبح تاجر وُہ کپڑے لے کر اُسی محلے میں چلا گیا جہاں سے اُس نے عورت سے کپڑے لیے تھے۔ تاجر نے گھر کا دروازہ کھٹکھٹایا تو تھوڑی دیر بعد ایک آدمی باہر نکلا۔ تاجر نے اُس آدمی کو سلام کیا اور پھر اپنا تعارف کروایا۔ تاجر نے آدمی سے درخواست کی کہ اُسے اندر آنے کی اجازت دی جائے وُہ اُنکی امانت اُن کو لوٹانا چاہتا ہے۔ آدمی بولا لیکن میں نے تو آپ کو کوئی امانت دی ہی نہیں تھی؟ تاجر نے عاجزی سے عرض کی کہ مجھے اندر تو آنے دیں میں آپ کو سب کچھ بتاتا ہوں۔ آدمی مان گیا اور تاجر کو لیے گھر کے اندر آ گیا۔ اندر آ کر آدمی نے تاجر کو بیٹھایا اور اتنے میں اُس کی بیوی بھی وہاں آ گئی۔ اُس نے تاجر کو پہچان لیا اور پھر اپنے میاں کو تاجر کے بارے میں بتایا کہ کیسے اُس نے چار عدد پرانے کپڑوں کے جوڑوں کے بدلے میں اُسے ایک عدد نیا سوٹ دیا تھا۔ اُس کے بعد دونوں میاں بیوی تاجر کی طرف متوجہ ہوئے۔ تاجر نے ساری روداد اُن کے گوش گزاری کہ کیسے اُس کی بیوی نے قمیض میں سے پیسے نکالے اور اب وُہ اُن کو لوٹانے آیا ہے وغیرہ۔ دونوں میاں بیوی کو یقین نہ آیا۔ پھر تاجر نے قمیض میں سے پیسے نکال کر اُن کے سامنے رکھ دیے۔

اب وُہ دونوں ایک دفعہ پیسوں کو دیکھ رہے تھے اور ایک دفعہ تاجر کو کہ جو ایک بہت بڑی رقم اُن کو واپس لوٹا رہا تھا۔ آدمی مسکرایا اور تاجر سے بولا یہ رقم اٹھا لو یہ اب تمہاری ہے۔ تاجر نے اُس رقم کو لینے سے انکار کردیا۔ دونوں میاں بیوی نے اُسے سمجھایا کہ دیکھو ہم تو اِن پیسوں سے بے خبر تھے۔ اگر تم یا تمہاری بیوی چاہتے تو یہ رقم اپنے پاس بھی رکھ سکتے تھے لیکن یہ تمہاری ایمانداری ہی ہے کہ جو تم یہ پیسے ہم کو لوٹا رہے ہو۔ اب ہم دونوں میاں بیوی اپنی خوشی سے تم کو یہ رقم دے رہے ہے اِس لیے ان پیسوں کو اپنے پاس رکھ لو۔ دونوں میاں بیوی کے سمجھانے پر تاجر مان گیا اور وُہ پیسے لے لیے۔

بازار جا کر اُس نے اپنے بچوں کے لیے ڈھیر سارے کھلونے خریدے۔ گھر آ کر اُس نے بچوں کو بہت سارا پیار کیا اور بیوی کو ساری کہانی سنائی۔ بیوی بولی ہم اتنے سارے پیسوں کا کیا کریں گے۔ تاجر بولا کچھ پیسوں سے میں کپڑے کی دکان بناؤں گا اور ایک دوسرے کو دیکھ کر مسکرانے لگے۔■



## دنیا کا ذہین ترین کتا



**آسٹریلیا** میں ایک شخص کے پاس ایسا پالتو کتا موجود ہے، جسے دنیا کا ذہین ترین کتا کہا جارہا ہے، رپورٹ کے مطابق چیسٹی نامی اس کتے کو دنیا کا ذہین ترین کتا اس لیے کہا جارہا ہے کہ اس کو تقریباً تین سو بیس الفاظ یاد ہیں، جب کہ عام طور پر کتے کم وبیش پندرہ الفاظ یاد رکھ سکتے ہیں، اس کتے میں یہ قدرتی صلاحیت بھی موجود ہے کہ وہ صرف ایک بار دیکھی ہوئی تصویر یا انسان کو باآسانی ذہن نشین کرلیتا ہے اور طویل عرصے بعد دیکھ کر پہچاننے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے۔■

## دنیا کا سب سے خاموش پرندہ

**ہوڈڈ** مرگینسر ایک بطخ کی قسم کا پرندہ ہے لیکن یہ بطخ سے بالکل مختلف ہے۔ یہ امریکا کے دریاؤں میں پایا جاتا ہے اور درخت کے سوراخوں میں انڈے دیتا ہے، ماہرین نے اس پرندے پر بہت تحقیقات کی ہیں لیکن وہ کہتے ہیں کہ انہوں نے آج تک اس پرندے کی آواز نہیں سنی، مادہ ساری زندگی ہی خاموش رہتی ہے جبکہ نر انڈوں کی حفاظت کے لیے بالکہ ہلکی ہلکی آوازیں نکالتا ہے اور وہ بھی قیں قیں نہیں بلکہ ہلکے ہلکی میاؤں میاؤں بلی کی طرح اور وہ بھی انڈے دینے کے موسم میں، تمام بطخ کی چونچ چوڑی ہوتی ہے لیکن اس بطخ کی چونچ بالکل نوکیلی ہوتی ہے اور تمام بطخ کا سر گول ہوتا ہے جبکہ اس کا سر بالکل چپٹا سا ہوتا ہے کیوں ہے ناں عجیب پرندہ۔■

